Department of Education
Chancellor David C. Banks

22 جون، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

نیویارک شہر اسکولز چانسلر بننے کے چھہ مہینے بعد، میں انتہائی شکرگزار محسوس کررہا ہوں جیسے جیسے ہم تعلیمی سال کے اختتام کو پہنچ رہے ہیں۔ وقت کے اس مختصر عرصے میں، آپ نے ہمارے خاندانوں کو ہمارے طلبا کے لیے ملکر کیے جانے والے فیصلوں میں ایک شراکت دارین بنانے کے میرے تصور کو حقیقت بنانے کا آغاز کرنے میں میری مدد کی ہے۔ آپکے تبصرات اسکولوں میں ہمارے کیے جانے والے ہر کام میں مدد کرتے ہیں، اور ہم سب فرق کو دیکھ سکتے ہیں۔

اس وقت کے بارے میں سوچیں جب 3 جنوری کو میں نے آغاز کیا تھا، اومنیکورن کی لہر عروج پر تھی، جب ہماری حاضری کی شرح صرف 65 فیصد تھی۔ ہم نے تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے مختلف اقدامات نافذ کیے تھے "جسے محفوظ رہیں، کھلے رہیں" کہا گیا تھا۔ اس میں ٹیسٹنگ میں اضافہ اور ہمارے طلبا کے لیے انتہائی کامیاب آن سائٹ ویکسینیشن کی فراہمی شامل تھی۔

جنوری کے اختتام پر اور اسکے بعد بھی جاری، ہماری حاضری تقریباً 90 فیصد پر واپس آگئی ہے۔ عالمی وبا کے پیدا کرتا بربادی اور صدمے کے دو سے زیادہ سالوں کے بعد، ہمارے خاندان، طلباء اور عملہ مستقل مزاجی اور اس تعلیمی سال کو اتنے اعلیٰ پیمانے پر اختتام تک پہچانے میں بہت زیادہ تحسین کے مستحق ہیں۔

حالیہ مہینوں میں ہم نے جن آغازکاریوں کا اعلان کیا ہے وہ ہمارے خاندانوں کی جانب سے تبصرات کا نتیجہ ہیں اور انہیں انکی شراکت میں تیار کیا جائے گا۔ اس میں ہماری بہتر بنائی گئی خواندگی کی تدریس اور ڈسلیکسیا مداخلتیں، تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے تشدد میں خلل اندازی پروگرامنگ، قابل اور ہنرمند پروگراموں میں توسیع شدہ رسائی، اور ہائی اسکول کے طلبا کو ملازمت کی جگہوں کے لیے قابلِ قدر صلاحیتیں حاصل کرنے کے قابل بنانے کے لیے مختلف نئی کوششیں شامل ہیں۔

ہم اپنے خاندانوں پر انحصار کررہے ہیں کیونکہ میں نے بطور ایک نیویارک شہر معلم کے اپنے زندگی بھر کے کرئیرسے سیکھا ہے کہ بہترین خیالات اور کامیاب ترین آغازکار خاندانوں کے ساتھ بات چیت سے سامنے آتے ہیں۔ آپ اپنے بچوں کی ضروریات اور اپنے اسکولوں کی تقویتوں اور کمزوریوں سے کسی سے بھی زیادہ واقف ہیں۔ میں ہمارے اسکول نظام میں ہر ایک کو ہدایت کررہا ہوں کہ انہیں خاندانوں کے ساتھ سنجیدگی سے مصروفِ عمل ہونے اور انکی تشویشات کا مؤثر طور پر جواب دینے کی ضرورت ہے۔ اب مزید کوئی بڑی تبدیلیاں ہمارے خاندانوں سے پہلے پُرمعنی تبصرات لیے بغیر نافذ نہیں کی جائیں گی۔

ان وجوہات کی بنا پر، ہم اپنے اسکول نظام کو بہتر بنا رہے ہیں اور ہمارے قائدین کے ساتھ ابلاغ کے واضح ذرائع کھول رہے ہیں۔ اس میں ہمارے مقامی مہتممین اور اسکول پرنسپل کو بااختیار بنانا ہے تاکہ خاندان ذمہ دار افراد کے ساتھ زیادہ براہِ راست اور باآسانی ابلاغ کرسکیں۔ حالیہ ہفتوں میں، تمام شہر میں خاندانوں کو ٹاؤن ہالز میں نیویارک شہر پبلک اسکول مہتمم کے 45 عہدوں کے فائنلسٹس سے ملنے کا موقع ملا ہے یہ یقینی بنانے کے لیے کہ سب سے زیادہ اہل اورموٴثر افراد اس اہم عہدے کو پُر کریں۔ آپکے تبصرات کا شکریہ، میں پُراعتماد ہوں کہ آپ اپنے ضلع کے نئے قائد کے بارے میں پُرجوش ہونگے 1 جولائی سے شروع؛ آپ schools.nyc.gov/about-us/leadership/district-leadership پر مزید جان سکتے ہیں۔

مجھے امید ہے کہ آپ اتفاق کریں گے کہ ہم سُن رہے ہیں، ہم آپ کو سُن رہے ہیں، اور ملکر ہم نیویارک شہر اسکولوں کے لیے ایک نیا مستقبل تعمیر کررہے ہیں۔ جب آپ موسمِ گرما سے لُطف اندوز ہورہے ہوں، میں امید کرتا ہوں کہ آپ اور آپ کے بچے ان تمام بہترین ثقافتی اور تفریحی مواقع سے فائدہ اٹھائیں گے جو یہ شہر پیش کرتا ہے۔

ایک لطف اندوز اور محفوظ موسمِ گرما کے لیے نیک تمنائیں۔ بہترین وقت آنے والا ہے جیسے جیسے ہم تعلیمی سال 2022-23 کی جانب بڑھیں گے۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
نیویارک شہر اسکولز چانسلر